درخواست گزاروں کے لیے بار بار پوچھے جانے والے سوالات

کیا مجھے پولیس کی معلومات کے کوائف اور جرائم کے ریکارڈ کے کوائف مکمل کرنا ہوں گے؟

نہیں، آپ کو پولیس کی معلومات کے کوائف مکمل کرنے کی ضرورت نہیں۔

کیا مجھے درخواست دینے سے پہلے مخصوص مدت کے لیے ایڈمنٹن میں رہنا پڑے گا؟

نہیں، آپ کو درخواست دینے سے پہلے مخصوص مدت کے لیے ایڈمنٹن میں رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

میرے گھر کے افراد کی تعداد میں کون کون آتا ہے؟

ہمیں آپ کے گھر کے افراد کے تعین کے لیے سماجی رہائشی سہولت کے ضابطے (Social Housing Accommodation Regulation (SHAR)) پر لازماً عمل کرنا ہوگا۔ آپ کے گھر کے افراد میں درج ذیل لوگ شامل ہیں:

- آپ کا شریکِ حیات یا بالغ باہمی انحصار کا حامل پارٹنر
- آپ کے خونی رشتے کا حامل، گود لیا گیا یا شادی کے بعد پیدا ہونے والا فرد
- وہ فرد جو آپ کے گھر کے فرد کے طور پر مستقل طور پر آپ کے ساتھ رہتا ہو
- بچوں سمیت وہ تمام افراد جو آپ کے زیرِ دست ہوں جو مکمل طور پر آپ کی تحویل میں ہوں یا 50 فیصد پر مبنی مشترکہ تحویل میں ہوں
- ساتھ رہنے والا نگہداشت پر مامور فرد
- وہ فرد جو عموماً آپ کے گھر کا فرد ہو لیکن درج ذیل وجوہات کے باعث عارضی طور پر غیر حاضر ہو:
  - فوجی ملازمت
  - اسپتال میں داخلہ
  - ملازمت
  - اسکول میں حاضری
  - دیگر خصوصی حالات

ترجیحی (انتظار) کی فہرست کیسے کام کرتی ہے؟ میں ترجیحی (انتظار) کی فہرست میں کتنا عرصہ رہوں گا؟

- ہمیں کمیونٹی کے رہائشی گھر سپرد کرنے کے لیے سماجی رہائشی سہولت کے ضابطے (SHAR) پر لازماً عمل کرنا ہوگا۔ ترجیح کا فیصلہ پوائنٹ سسٹم پر ہوتا ہے – جس درخواست گزار کے جتنے زیادہ پوائنٹس ہوں گے، وہ ترجیحی فہرست میں اتنا ہی اوپر ہوگا۔ اس کا تعلق پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہے۔
  - نوٹ فرمالیں کہ ہمارے مارکیٹ سے قریب رہائشی سہولت کے پروگرام کے لیے پوائنٹ اسکورنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- جونہی ہمارے پاس درخواست گزار کو مطلوب ایسا گھر دستیاب ہوا جو a) اس کی منتخب کردہ عمارت/عمارات سے مشابہ ہو اور b) بیڈرومز کی مطلوبہ تعداد کا حامل ہو، تو بلند ترین پوائنٹ اسکور کے حامل درخواست گزار سے رابطہ کرلیا جائے گا۔
  - آپ کے لیے اپنی درخواست میں واقع ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے ہمیں آگاہ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ اس سے آپ کے پوائنٹ اسکور اور ترجیحی فہرست میں آپ کے درجے میں تبدیلی آسکتی ہے۔
  - اگر ایک سے زائد درخواست گزاروں کے ایک جیسے پوائنٹ اسکور ہوں، تو پہلے درخواست دینے والے فرد کو ترجیح دی جائے گی۔
- چونکہ درخواست دینے والے افراد کی بنیاد پر ترجیحی فہرست میں مسلسل تبدیلی آ رہی ہوتی ہے، لہٰذا ہم درخواست گزاروں کو نہیں بتا سکتے کہ انہیں رہائش کے لیے کتنا عرصہ انتظار کرنا پڑے گا۔

پوائنٹ اسکورنگ کیسے کام کرتی ہے؟

- ہمیں کمیونٹی کے رہائشی گھر سپرد کرنے کے لیے سماجی رہائشی سہولت کے ضابطے (SHAR) پر لازماً عمل کرنا ہوگا۔ ترجیح کا فیصلہ پوائنٹ سسٹم پر ہوتا ہے – جس درخواست گزار کے جتنے زیادہ پوائنٹس ہوں گے، وہ ترجیحی فہرست میں اتنا ہی اوپر ہوگا۔ اس کا تعلق پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہے۔
  - نوٹ فرمالیں کہ ہمارے مارکیٹ سے قریب رہائشی سہولت کے پروگرام کے لیے پوائنٹ اسکورنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- جونہی ہمارے پاس درخواست گزار کو مطلوب ایسا گھر دستیاب ہوا جو a) اس کی منتخب کردہ عمارت/عمارات سے مشابہ ہو اور b) بیڈرومز کی مطلوبہ تعداد کا حامل ہو، تو بلند ترین پوائنٹ اسکور کے حامل درخواست گزار سے رابطہ کرلیا جائے گا۔
  - آپ کے لیے اپنی درخواست میں واقع ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے ہمیں آگاہ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ اس سے آپ کے پوائنٹ اسکور اور ترجیحی فہرست میں آپ کے درجے میں تبدیلی آسکتی ہے۔
  - اگر ایک سے زائد درخواست گزاروں کے ایک جیسے پوائنٹ اسکور ہوں، تو پہلے درخواست دینے والے فرد کو ترجیح دی جائے گی۔

- چونکہ درخواست دینے والے افراد کی بنیاد پر ترجیحی فہرست میں مسلسل تبدیلی آ رہی ہوتی ہے، لہٰذا ہم درخواست گزاروں کو نہیں بتا سکتے کہ انہیں رہائش کے لیے کتنا عرصہ انتظار کرنا پڑے گا۔

سماجی رہائشی سہولت کے ضابطے (SHAR) کے مطابق، پوائنٹس درج ذیل عوامل کے حوالے سے دیے جاتے ہیں:

- **زیرِ دست افراد کی تعداد –** زیرِ دست فرد گھر کا وہ فرد ہوتا ہے جو خود اپنے خرچے پورے نہیں کرسکتا، ان میں ایسے شریکِ حیات یا باہمی انحصار کے حامل بالغ پارٹنر شامل ہیں جو ملازمت نہ کرتے ہوں
  - ایک درخواست گزار کو گھر میں ہر زیر دست فرد کے بدلے تین پوائنٹس دیے جاسکتے ہیں، جبکہ زیادہ سے زیادہ پوائنٹس کی تعداد 24 ہے۔
- **کرائے کے لیے استعمال کردہ فیصد آمدنی –** ''کرایہ بہ آمدنی'' درخواست گزار کی مجموعی سالانہ آمدنی کی فیصد شرح ہے جو اس کے کرائے میں خرچ ہوتی ہے۔ کرایہ بہ آمدنی کا تخمینہ لگانے کے لیے مجموعی سالانہ آمدنی قبل از ٹیکس استعمال کی جاتی ہے۔
  - اگر کسی درخواست گزار کا کرایہ بہ آمدنی 30 فیصد سے زائد ہو تو اسے پوائنٹس دیے جاسکتے ہیں، جبکہ زیادہ سے زیادہ پوائنٹس کی تعداد 21 ہے
- **خصوصی صورتحال –** خصوصی صورتحال میں شامل ہیں:
  - درخواست گزار کو مکان خالی کرنے کا نوٹس یا اخراجی نوٹس مل گیا ہو
  - درخواست گزار فیملی/گھریلو تشدد محسوس کر رہا ہو
  - خصوصی صورتحال کے تحت درخواست گزار کو 15 پوائنٹس دیے جاسکتے ہیں
- **رسائی –** اگر کسی درخواست گزار کی موجودہ رہائش گاہ درخواست گزار کے گھر میں رہنے والے کسی بھی فرد کے لیے مادی تناظر میں قابلِ رسائی یا قابلِ موافقت نہ ہو۔
  - درخواست گزار کو 12 پوائنٹس تک دیے جاسکتے ہیں
- **ضرورت سے زیادہ افراد –** اگر درخواست گزار کی موجودہ رہائش گاہ میں تمام لوگوں کے لیے ناکافی بیڈ رومز ہوں۔ آپ کے گھر کے لیے مطلوبہ بیڈ رومز کی تعداد قومی رہائشی معیار پر مبنی ہے۔ اس معیار کے مطابق، ضرورت سے زائد افراد ان صورتوں میں ہوں گے:
  - ایک ہی بیڈ روم میں دو یا زائد لوگ سوتے ہوں اور گھر میں کوئی خالی بیڈ روم موجود نہ ہو (اس میں میاں بیوی یا ساتھ رہنے والے جوڑے شامل نہیں ہیں)
  - 18 سال یا اس سے زائد عمر کے کسی فرد کو گھر کے کسی دوسرے فرد کے ساتھ اپنے بیڈ روم کا اشتراک کرنا پڑتا ہو
  - پانچ سال یا اس سے زائد عمر کے بچے کو مخالف صنف کے کسی فرد کے ساتھ اپنے بیڈ روم کا اشتراک کرنا پڑتا ہو
  - درخواست گزار کو ہر درکار اضافی بیڈ روم کے لیے 3 پوائنٹس دیے جائیں گے، جبکہ زیادہ سے زیادہ پوائنٹس کی تعداد 12 ہے۔
- **صحت کے لیے نقصان دہ رہائش –** اگر درخواست گزار کی موجودہ رہائش گاہ صحت کے شدید مسائل کا سبب بن رہی ہو یا مسائل میں اضافہ کر رہی ہو، یا پھر غیر محفوظ ہو۔ اس میں مادی خرابیاں (مثلاً ٹوٹی ہوئی کھڑکیاں) اور ماحولیاتی خرابیاں (مثلاً ضرورت سے زیادہ شور) شامل ہوسکتی ہیں۔
  - درخواست گزار کو 10 پوائنٹس تک دیے جاسکتے ہیں

- **مشترکہ رہائش** – اگر کوئی درخواست گزار عارضی بنیاد پر دوسرے فرد یا فیملی کے ساتھ رہائش گاہ کا اشتراک کر رہا ہو۔
  - درخواست گزار کو 3 پوائنٹس تک دیے جاسکتے ہیں
- **یوٹیلیٹیز** – اگر درخواست گزار پر اپنی موجودہ رہائش گاہ کے کرائے کے علاوہ یوٹیلیٹی کے اخراجات ادا کرنے کی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہو۔ یوٹیلیٹیز میں شامل ہیں:
  - روشنیاں
  - حرارت
  - پانی، نکاسی، یا گٹر
  - درخواست گزار کو اپنی ادا کردہ ہر یوٹیلیٹی کے عوض 1 پوائنٹ دیا جائے گا، جبکہ زیادہ سے زیادہ پوائنٹس کی تعداد 3 ہے
- **رہائش پہلے پروگرام کے گریجویٹ** – ایسے افراد جو رہائش کے پہلے پروگرام کا حصہ ہوں انہیں اہلیت کے تعین اور مطلوبہ دستاویزات کے لیے ہم سے رابطہ کرنا چاہیے۔
  - 'رہائش پہلے' کا گریجویٹ فرد کو 10 پوائنٹس دیے جاسکتے ہیں

کیا آپ کی طرف سے پالتو جانور رکھنے کی اجازت ہے؟

کرایہ دار Civida سے پیشگی اجازت لے کر ہی پالتو جانور رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس پالتو جانور ہوں تو براہِ کرم اپنی درخواست میں ان سے آگاہ کریں۔ نگہبانی کے کتوں کو پالتو جانور تصور نہیں کیا جاتا لہٰذا ان کی اجازت ہے۔ اگر آپ کے پاس نگہبانی کا کتا ہو تو آپ کو اپنی درخواست کے ہمراہ دستاویزات فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ پالتو جانوروں سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب پالتو جانوروں اور نگہبانی کے کتوں کا معلوماتی پرچہ ملاحظہ کریں۔

میں فی الحال Civida کا کرایہ دار ہوں۔ میں Civida کے کسی اور گھر میں منتقلی کے لیے کیسے درخواست دوں؟

- Civida کے موجود کرایہ دار جو نئے گھر میں منتقلی کے خواہشمند ہیں، انہیں لازماً پہلے ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب منتقلی کی درخواست کا فارم پُر کرکے منتقلی کی درخواست دینا ہوگی۔ منتقلی کی درخواستوں کی اہلیت جانچنے اور تجزیہ کرنے کا طریقہ وہی ہوگا جو نئی درخواستوں پر عمل درآمد کے لیے اختیار کیا جاتا ہے۔
- منتقلی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

مجھے آپ کے دفتر سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- ہم درخواستوں پر ان کی وصول کردہ ترتیب سے عمل درآمد کرتے ہیں۔ زیادہ درخواستیں آنے کی صورت میں، آپ کی ابتدائی درخواست پر نظرِثانی اور اسے ترجیحی فہرست میں شامل کرنے میں کئی ہفتے لگ سکتے ہیں۔ براہِ کرم درخواست گزار کے پورٹل میں اپنی درخواست کی موجودہ کیفیت کا جائزہ لیں۔
- جب ایک مرتبہ آپ ترجیحی فہرست میں شامل ہوجائیں، تو براہِ کرم اپنی فائل کو فعال رکھنے کے لیے سال میں ایک بار ہم سے رابطہ کریں۔
- نوٹ فرما لیں کہ ہم کوئی بھی ہنگامی رہائش پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ ایڈمنٹن کے علاقے میں دیگر رہائشی اداروں سے رجوع کے لیے براہِ کرم 211 پر کال کریں۔

کیا میری درخواست کے حوالے سے کوئی معاون کارکن، گھر کا کوئی فرد یا دوست Civida سے رابطہ کرسکتا ہے؟

جی ہاں، کوئی معاون کارکن، گھر کا کوئی فرد یا دوست آپ کی طرف سے Civida سے رابطہ کرسکتا ہے۔ تاہم، اس کے لیے آپ کو پہلے ہماری ویب سائٹ پر کرایہ داروں کی سہولیات کے سیکشن میں دستیاب ذاتی معلومات کے اجراء پر رضامندی فارم لازماً مکمل کرنا ہوگا۔ آپ کی رازداری کو محفوظ رکھنے کے لیے، ہم صرف انہی لوگوں سے بات کریں گے جن کے نام آپ نے فارم پر دیے ہوں گے۔ اس میں آپ کو مدد فراہم کرنے والا کوئی بھی MLA یا سٹی کونسلر کا دفتر شامل ہے۔

مجھے اپنی درخواست کی تجدید کرنے کی ضرورت کیوں ہے؟

- اگر درخواست جمع کروانے کے بعد آپ کے معلوماتی کوائف میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہو تو ان سے ہمیں آگاہ کرنا بہت ضروری ہے۔ اس سے آپ کے پوائنٹ اسکور اور ترجیحی فہرست میں آپ کے درجے میں تبدیلی آسکتی ہے۔
- درج ذیل صورتوں میں اپنی درخواست کی تجدید کرنا نہ بھولیں:
  - کوئی فرد جو آپ کے گھر میں منتقل ہوا ہو یا گھر سے خارج ہوا ہو
  - کوئی بچہ پیدا ہوا ہو یا کسی بچے کو گود لیا گیا ہو
  - آپ کی یا آپ کے گھر کے کسی فرد کی آمدنی تبدیل ہوئی ہو
  - آپ سے رابطے کی معلومات تبدیل ہوئی ہوں: ای میل، فون نمبر، ڈاک کا پتہ
  - آپ کسی نئے گھر میں منتقل ہوئے ہوں
  - آپ کی موجودہ کرائے کی رقم تبدیل ہوئی ہو
  - آپ کا مطلوبہ رہائشی علاقہ یا عمارت تبدیل ہوئی ہو
  - جب آپ اپنی اصل درخواست کے برعکس مختلف تعداد کے بیڈ رومز چاہ رہے ہوں
- براہِ کرم اپنی درخواست کی تفصیلات کو درخواست گزار کے پورٹل میں اپ ڈیٹ کریں۔

کیا مجھے ایک آن لائن درخواست جمع کروانی ہوگی؟

- تمام درخواستیں لازماً درخواست گزار کا پورٹل استعمال کرتے ہوئے آن لائن جمع کروائی جائیں گی سوائے اس کے کہ کوئی خاص عذر ہو۔
- اگر آپ کو کوئی متبادل درخواست یا معاونت درکار ہو تو براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

تیکنیکی مدد: میں آن لائن درخواست گزار کے پورٹل میں لاگ ان کیسے ہوسکتا ہوں؟

- **نئے درخواست گزار:** اگر آپ نئے درخواست گزار ہیں، تو آپ کو پہلے اپنا ای میل پتہ استعمال کرتے ہوئے ایک اکاؤنٹ بنانا ہوگا۔ پھر مستقبل میں، آپ درخواست گزار کے پورٹل میں لاگ ان ہونے کے لیے اپنا یہی ای میل پتہ اور پاسورڈ استعمال کریں گے۔
- **موجودہ درخواست گزار:** اگر آپ پہلے ہی Civida میں درخواست جمع کرواچکے ہیں، تو براہِ کرم درج ذیل امور کے لیے Civida سے رابطہ کریں:
  - ہمیں موجودہ ای میل پتہ فراہم کرنے کے لیے
  - Civida درخواست کوڈ وصول کرنے کے لیے
  - اس کے بعد آپ اپنا ای میل پتہ، Civida درخواست کوڈ اور اپنا مرتب کردہ پاسورڈ استعمال کرتے ہوئے ایک اکاؤنٹ بنائیں گے۔ پھر مستقبل میں، آپ درخواست گزار کے پورٹل میں لاگ ان ہونے کے لیے اپنا یہی ای میل پتہ اور پاسورڈ استعمال کریں گے۔